18cm x 2 col. (7.2cm) Urdu 27-04-2026

LCI
LUCKY CORE INDUSTRIES

YBG

# ڈائریکٹرز کا انتخاب
## کمپنیز ایکٹ 2017 کی دفعہ 159(4) کے تحت نوٹس

کمپنیز ایکٹ 2017 کی دفعہ 159(4) کے مطابق ممبران کو بذریعہ ہٰذا مطلع کیا جاتا ہے کہ مندرجہ ذیل آٹھ (08) افراد نے کمپنی کے غیر معمولی اجلاس عام میں لکی کور انڈسٹریز لمیٹڈ (''کمپنی'') کے ڈائریکٹر کے طور پر انتخاب کے لئے خود کو پیش کرنے کے ارادے کا نوٹس جمع کرایا ہے، جو 11 مئی 2026ء کو صبح 10 بجے، 5 ویسٹ ہارف، کراچی میں اور ویڈیو کانفرنسنگ کے ذریعے منعقد ہوگا:

1۔ جناب محمد سہیل ٹبہ
2۔ جناب محمد علی ٹبہ
3۔ جناب جاوید یونس ٹبہ
4۔ محترمہ امینہ اے عزیز باوانی
5۔ سید محمد شبر زیدی
6۔ جناب عارف الاسلام
7۔ جناب ظفر احمد خان
8۔ جناب ثمر حیات

انتخاب کے لئے خود کو پیش کرنے والے افراد کی تعداد چونکہ کمپنیز ایکٹ، 2017 کی دفعہ 159(1) کے تحت بورڈ آف ڈائریکٹرز کی طرف سے مقرر کردہ ڈائریکٹروں کی تعداد کے مساوی ہے، اس لیے ان امیدواروں کو مذکورہ بالا غیر معمولی اجلاس عام میں کمپنی کے ڈائریکٹر کے طور پر منتخب سمجھا جائے گا۔

آزاد (انڈیپنڈنٹ) ڈائریکٹرز کا انتخاب ان کی بنیادی مہارتوں، قابلیت، متنوع پیشہ ورانہ تجربے، ہنر اور علم کو مدنظر رکھتے ہوئے کمپنیز ایکٹ 2017 کی دفعہ 166 اور متعلقہ ضوابط میں درج معیار کے مطابق کیا گیا ہے۔ مذکورہ بالا امیدواروں کے پروفائلز کمپنی کی ویب سائٹ پر اپ لوڈ کر دیے گئے ہیں اور انہیں درج ذیل لنک پر بھی ملاحظہ کیا جا سکتا ہے:

https://luckycore.com/en/investors/election-of-directors

04 مئی 2026
کراچی

لیلیٰ بھاٹیہ باوانی
کمپنی سیکریٹری